وخیر جلیس فی الزمان کتاب

میزان



تبصرۂ کتب

نام کتاب : "الصدیق"

مؤلف : پروفیسر علی محسن صدیقی

صفحات : ۴۰۰

قیمت : ۳۰۰روپے

ناشر : قرطاس، کراچی یونیورسٹی، پوسٹ بکس نمبر ۸۴۵۳، فون: ۴۹۸۴۶۸۴

تبصرہ نگار : سیّد عزیز الرحمٰن

پروفیسر علی محسن صدیقی معروف فاضل ہیں، ان کا شمار باقیات صالحات میں ہوتا ہے، آپ کراچی یونیورسٹی میں پہلے شعبۂ تاریخ اور پھر شعبۂ معارف اسلامیہ سے وابستہ رہے اور ۸۹ء میں وہیں سے ریٹائر ہوئے، اب تک آپ کی گیارہ کتب شائع ہو چکی ہیں، تبصرہ نگار کی رائے میں موضوع کے اعتبار سے آپ کی سب سے اہم کتاب زیر تبصرہ ہے، یعنی الصدیق، جس نے یقیناً اس موضوع پر پائی جانے والی ایک بڑی کمی کو پورا کیا ہے، جس پر فاضل مؤلف اردو خواں طبقے خصوصاً باذوق اور اہل علم قارئین کی جانب سے تحسین و تبریک کے مستحق ہیں، کتاب خلیفۂ اوّل سیّدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی سیرت و حیات کا مفصل جائزہ پیش کرتی ہے، یہ کتاب ۱۳/ ابواب پر مشتمل ہے، جن کی تفصیل یوں ہے ۱ حالات قبل از خلافت، ۲۔ بیعتِ خلافت، ۳۔ جیش اسامہ، ۴۔ فتنۂ ارتداد، ۵۔ فتوحات، ۶۔ دینی خدمات، ۷۔ انتظامِ حکومت، ۸۔ خالصۂ رسول کی بحث، ۹۔ علمی مفاخر، ۱۰۔ افضلیت سیدنا ابو بکر صدیق، ۱۱۔ سیرتِ صدیق، ۱۲۔ صدیقیت، ۱۳۔ علالت و وفات، اس طرح سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حالات، حیات، سیرت و کردار فضائل و اخلاق وغیرہ تمام امور کا جائزہ اور تفصیلی مطالعہ کتاب میں شامل ہے۔

پوری کتاب مستند حوالوں اور مضبوط و مستحکم دلائل سے مزین ہے، مؤلف محترم چونکہ عربی